
# نرم کھلونے

# (Soft Toys)

ماقبل پیشہ ورانہ کورس کے لیے

آموزشی وعملی کتابچہ



# نرم کھلونے

# (Soft Toys)

## ماقبل پیشہ ورانہ کورس کے لیے
## آموزشی و عملی کتابچہ

پروجیکٹ کوآرڈینیٹر
نلنی سریواستوا

مترجم
منصور نقوی

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان
وزارتِ ترقی انسانی وسائل (حکومتِ ہند)
ویسٹ، بلاک I، آر. کے. پورم، نئی دہلی 110066

Naram Khilone

© قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، نئی دہلی

سنہ اشاعت : جنوری، مارچ 2005 شک 1926

پہلا اڈیشن : 1100

قیمت : -/46

سلسلۂ مطبوعات : 1205

---

ناشر: ڈائرکٹر، قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان، ویسٹ بلاک 1، آر۔کے۔پورم، نئی دہلی-110066

طابع: لاہوتی پرنٹ ایڈس، جامع مسجد دہلی- 110006

# پیش لفظ

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، محکمۂ ثانوی و اعلیٰ تعلیم، وزارتِ ترقی انسانی وسائل، حکومتِ ہند کے ماتحت ایک خود مختار ادارے کی حیثیت سے اردو زبان کے فروغ اور اردو زبان میں سائنسی و پیشہ ورانہ علوم اور ٹکنالوجیکل ترقیات کی توسیع نیز جدید افکار و خیالات کی اردو میں منتقلی جیسے اغراض و مقاصد کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مختلف جہات میں کام کر رہی ہے۔

طالب علموں کو ان کی مادری زبان میں تعلیم کی فراہمی کے منصوبے کے تحت حکومتِ ہند کی وزارت فروغ انسانی وسائل، ہندستانی زبانوں میں کتابوں کی تصنیف، تالیف، ترجمہ اور اشاعت کی اسکیم چلاتی ہے۔ اسی منصوبے کے تحت اردو زبان، جو آئین کے آٹھویں شیڈول میں درج قومی زبانوں میں شامل ایک زبان ہے، میں بھی ابتدائی، ثانوی اور یونیورسٹی سطح کے درجات کے لیے نصابی کتابوں کی اشاعت کا عمل قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان میں جاری ہے۔ ابتدائی سے اعلیٰ ثانوی درجات تک کے طالب علموں کے لیے درسی کتابوں کی اشاعت کی ذمے داری نیشنل کونسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ کے سپرد ہے۔ این.سی.ای.آر.ٹی نئے تعلیمی منصوبے کے تحت جو کتابیں تصنیف یا تالیف کرتی ہے انھیں قومی اردو کونسل اردو میں ترجمہ کراتی ہے۔

بدلتے ہوئے سائنسی و ٹکنالوجیکل منظرنامے میں یہ ضروری ہے کہ اردو بھی عہدِ حاضر کے تقاضوں سے پوری طرح ہم آہنگ اور وابستہ ہو جائے اور یہ تبھی ممکن ہے جب اردو میں ٹکنالوجیکل و پیشہ ورانہ علوم پر مبنی کتابیں دستیاب ہوں۔ اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اردو میں ان علوم پر مشتمل کتابوں کا فقدان ہے۔

ثانوی اور اعلیٰ ثانوی درجات میں پیشہ ورانہ ، آئی.ٹی.آئی اور ڈپلوما انجینئرنگ سے متعلق اردو زبان میں نصابی کتابوں کی فراہمی، اردو تعلیم کو روزگار اور ملک کی معاشی ترقی سے منسلک کرنے میں بڑی اہمیت رکھتی ہے۔ اس اہم مقصد کے مدِ نظر قومی اردو کونسل نے پیشہ ورانہ، آئی.ٹی.آئی اور ڈپلوما انجینئرنگ سے متعلق کتابوں کا اردو زبان میں ترجمہ کرانے کے لیے اولیں قدم اٹھایا ہے۔ زیرِ نظر کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ ہم امید کرتے ہیں کہ آنے والے دنوں میں کونسل ان تمام موضوعات پر کتابیں شائع کرے گی جو اردو تعلیم کو سائنس، ٹیکنالوجی اور روزگار سے جوڑ سکیں۔ کونسل ان تمام حضرات کی شکرگزار ہے جنھوں نے اس کتاب کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں مدد کی ہے، خاص طور پر محترمہ شمع کوثر یزدانی اور ڈاکٹر محمد توقیر عالم راہی جنھوں نے یہ کام کم سے کم وقت میں سرانجام دینے کا بیڑا اٹھایا۔

ہمیں امید ہے کہ یہ کتاب اردو داں طبقے کے لیے مددگار ثابت ہوگی اور اردو ذریعۂ تعلیم کے اسکولوں میں اس کی خاطر خواہ پذیرائی ہوگی۔

**ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ**

ڈائرکٹر

قومی کونسل برائے فروغِ اردو زبان، نئی دہلی

# حرفِ آغاز

اعلیٰ اور ابتدائی سیکنڈری کلاسوں میں پیشہ وارانہ تعلیم کو ملک میں عام طور پر قبول کیا گیا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تعلیم ملک کی معاشی ترقی کے ساتھ منسلک ہے۔

پنڈت سندرلال شرما سینٹرل انسٹی ٹیوٹ آف ویکشنل ایجوکیشن (PSSCIVE) نے ایک تحقیقی پروجیکٹ شروع کیا ہے۔ یہ کورس مختلف تعلیمی اور تعلیم سے پہلے کے پیشہ ورانہ کورس کے لیے ویکشنل ایجوکیشن جوائنٹ کاؤنسل کے مشورے سے شروع کیا گیا ہے۔

زیرِ نظر 'نرم کھلونے' ادارے کا قابلِ تعریف کام ہے۔ اس سے پیشہ ورانہ تعلیم سے پہلے کے طلبہ کے لیے تیاری میں مدد ملے گی۔

اسے اس کام کے ماہرین نے تیار کیا ہے اور ان کی اس کاوش کا اعتراف بھی کیا گیا ہے۔

مجھے اُمید ہے کہ طلبہ اور استاد اسے مفید پائیں گے۔

اے۔ کے۔ شرما
ڈائریکٹر
این۔ سی۔ ای۔ آر۔ ٹی، نئی دہلی

# دیباچہ

1986ء کی تعلیم کی قومی پالیسی کے مطابق ایک مقررہ اور منصوبہ بند پیشہ ورانہ تعلیمی پروگرام مجوزہ نئی تعلیمی نظام کے لیے بہت ضروری ہے۔ اس کے پیش نظر مختلف پیشہ ورانہ پروگرام اور کورسز شروع کیے گئے ہیں جنھیں مرکز کی طرف سے شروع کی ہوئی اسکیم کے مطابق ابتدائی، ثانوی اور کالج کے معیار کے لیے تیار کیا جارہا ہے۔

مناسب تدریسی سامان کی کمی کو محسوس کیا گیا اور ابتدائی جماعتوں کے لیے پیشہ ورانہ تعلیم کے شروع کرنے میں یہ واقعی ایک رکاوٹ ہے۔ این۔سی۔ای۔آر۔ٹی۔ کا موجودہ پیشہ ورانہ تعلیم (پی۔ایس۔ایس۔سی۔آئی۔وی۔ای) کے تحت تدریسی تعلیم کے سامان کی تیاری کے لیے کوشاں ہے اور یہ کوشش کتابوں کی ضرورت کو پورا کرے گی۔

نرم کھلونوں پر موجودہ کتابچہ ادارے نے پیشہ ورانہ تعلیم سے پہلے کے طلبہ کے لیے تیار کیا ہے۔ ملک کی بہت سی ریاستوں میں صنعتی اور پیشہ ورانہ تعلیم کے مختلف کورس شروع کیے گئے ہیں۔ اس میں مختلف مشاغل پر مبنی اکائیاں ہیں جنھیں طلبہ کو سیکھنا ہے۔ ان مشاغل کی آسان ترتیب پر عمل کرنا ہے اور عمل کے دوران احتیاطی تدابیر اور اعداد وشمار کو پیش نظر رکھنا ہے۔ امید ہے کہ طلبہ اسے مفید پائیں گے۔

یہ کتابچہ ماہرین کے ایک گروپ نے (پی۔ایس۔ایس۔سی۔آئی۔وی۔ای) کی ورک شاپ میں تیار کیا ہے۔ میں ان لوگوں کا، ان کے قیمتی مشوروں کا جو اس کتاب کو ششوں کا معترف ہوں جوانھوں نے پروجیکٹ کوآرڈی نیٹر کی حیثیت سے اور اس کو موجودہ شکل میں ترتیب دینے کے لیے کی ہیں۔

موجودہ کتابچہ میں بہتری کے لیے تجاویز کا خیر مقدم کرتا ہوں۔

اڑن کے مشرا
جوائنٹ ڈائریکٹر
پنڈت سندر لال شرما
مرکزی اسکول برائے پیشہ ورانہ تعلیم
بھوپال

# اظہارِ تشکر

مندرجہ ذیل ماہرین کے گروپ نے پی۔ایس۔ایس۔سی۔آئی۔وی۔ای، کے لیے ترتیب دیا تھا، اس کام میں حصّہ لیا اور اپنی غیر معمولی صلاحیت سے اُسے تیار کیا ہے۔

1- ڈاکٹر پربھا ورما

2- محترمہ چندر کانتا دوبے

3- جناب رمیش کمار سری واستوا

4- ڈاکٹر ظلنی سری واستوا

ہم محترمہ سندھیا سری واستوا آرٹسٹ کے تصویریں بنانے کے لیے شکرگزار ہیں۔

# گاندھی جی کا طلسم

میں تمھیں ایک طلسم دیتا ہوں۔ جب بھی تم شک و شبہ میں مبتلا ہو جاؤ یا تمھارا نفس تم پر حاوی ہونے لگے تو اس تجربے کو آزماؤ:
جو سب سے غریب اور کمزور آدمی تم نے دیکھا ہو اُس کی شکل یاد کرو اور اپنے آپ سے پوچھو کہ جو قدم اُٹھانے کے بارے میں تم سوچ رہے ہو وہ اُس آدمی کے لیے کتنا مفید ہوگا۔ کیا اس سے اُسے کچھ فائدہ پہنچے گا؟ کیا اس سے وہ اپنی زندگی اور مقدر پر کچھ قابو پا سکے گا؟ دوسرے لفظوں میں کیا اس سے اُن کروڑوں لوگوں کو سوراج مل سکے گا جن کے پیٹ بھوکے اور رُوحیں بے چین ہیں۔
تب تم دیکھو گے کہ تمھارا شبہ مٹ رہا ہے اور نفس زائل ہو رہا ہے۔

م.ک. گاندھی

# فہرست


| | |
|---|---|
| پیش لفظ -- ڈاکٹر محمد حمید اللہ بھٹ | 3 |
| حرف آغاز | 5 |
| دیباچہ | 7 |
| اظہار تشکر | 9 |
| تعارف | 13 |
| عملی اکائیاں | |
| 1- نرم کھلونے سے متعلق | 15 |
| 2- بنیادی جانکاری | 17 |
| 3- انگلی پر چلنے والی گڑیا | 21 |
| 4- سوت کی گڑیاں | 24 |
| 5- مچھلی | 30 |
| 6- بطخ | 32 |
| 7- خرگوش | 36 |
| 8- مسخرہ | 40 |
| 9- ٹیڈی بیر (ریچھ) | 44 |
| کام میں شریک لوگوں کی فہرست | 49 |

# تعارف

زیادہ تر تعلیمی نظریات اس پر متفق ہیں کہ سیکھنے کا عمل اس حالت میں تیز ہو جاتا ہے جب سیکھنے والا اس میں دلچسپی رکھتا ہو بچے کی نشو ونما میں گڑیوں کا کھیل بہت اہمیت رکھتا ہے۔ کھلونوں سے کھیلنے میں بچے کو جو خوشی حاصل ہوتی ہے اس کی برابری کوئی دوسرا اشغلہ نہیں کر سکتا۔ اس کی خوشی اور دلچسپی کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے اگر وہ اس کو خود ہی بنائے۔ اور بعد میں ان کھلونوں کو بیچ کر اپنی روزی کمائے۔

آج کل ہلکے کھانوں کی بازار میں بہت مانگ ہے۔ ان کی تیاری کے خرچ اور قیمت فروخت میں بہت فرق ہے۔ اس لیے یہ ایک نفع بخش کام ہے۔

معمولی طریقوں، تکنیک اور بنیادی سلائی کے سامان سے بہت سی قسم کے ہلکے کھلونے تیار کیے جا سکتے ہیں۔ بچے ان طریقوں کو بہت جلدی سیکھ لیتے ہیں۔ اسے آسانی کے ساتھ یک پیشے کے طور پر اپنایا جا سکتا ہے۔

## عملی سبق نمبر 1

# نرم کھلونے سے متعلق

# نرم کھلونے بنانے کے لیے عام ہدایات

وقت: 3 گھنٹے

1.1 تعلیمی مقاصد

طالب علم یہ بات سمجھ لیں کہ:

-- ہلکے کھلونوں کا کیا مطلب ہے، ان کی ضرورت اور اہمیت کیا ہے۔

-- ہلکے کھلونے بنانے کے لیے انتخاب اور بنانے کا عام طریقہ۔

-- وہ تعلیمی کتابچے کو پڑھ سکیں اور اس پر ٹھیک طرح عمل کر سکیں۔

1.2 متعلقہ معلومات:

نام سے ظاہر ہے کہ ہلکے پھلکے کھلونے، بچے کچے کپڑے سے رسیوں، اون یا فوم وغیرہ سے بنائے جاتے ہیں اور یہ چیزیں نرسری اور پری نرسری کے طلبہ کو پڑھانے کے لیے بہت کار آمد ہیں۔ ان سے بنے کھلونے سجاوٹ کے کام میں بھی لائے جا سکتے ہیں۔ ان ہلکے پھلکے کھلونا کو استعمال کے لحاظ سے دو اہم زمروں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے۔

(i) کھلونے جو کپڑے یا جالی کی مدد سے بنتے ہیں۔

کھلونے سادے چھینٹ کے سوتی کپڑوں یا جالی دار کپڑوں سے بنائے جا سکتے ہیں۔ چوں کہ اس طرح کے کھلونے آسانی سے بن جاتے ہیں اس لیے ان مختلف قسم کے کھلونوں کو اب تخیل کے مطابق کئی طرح تیار کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر جیسے۔

چیتھڑوں کی گڑیا۔ انگلی والی کٹھ پتلیاں۔ مچھلی۔ بطخ وغیرہ

(ii) سمور کے سامان سے بنے کھلونے۔

اس طرح کے کھلونے عام طور پر پہلے والے کھلونوں کے مقابلے مہنگے ہوتے ہیں کیوں کہ ان کا بنیادی سامان یعنی سمور ہی مہنگا ہوتا ہے۔ سمور کی کافی قسمیں بازار میں ملتی ہیں جنھیں طالب علم اپنی ضرورت اور پسند سے خرید سکتے ہیں۔

ان کھلونوں کی مثالیں ہیں۔

ٹیڈی بیر -- بندروں کا جوڑا وغیرہ۔

1.3 احتیاط:

-- ہدایات کو توجہ سے پڑھیں۔

-- ہدایات و مثالوں کو ٹھیک طرح سے سمجھیں۔

-- تمام سامان کو جمع کریں۔

-- سارے ٹکڑے ایک ساتھ کاٹیں تا کہ سامان ضایع نہ ہو۔

1.4 ضروری سامان:

(i) ٹریسنگ پیپر

(ii) مختلف قسم کے کپڑے/سمور

(iii) رنگوں سے میل کھاتے دھاگے

(iv) گوند یا چپکانے کا کوئی بھی سامان

(v) گراف کا کاغذ

1.5 طریقۂ کار:

(i) ایک کھلونا چُن لیں جو آپ بنانا چاہتے ہیں۔

(ii) ہر کھلونا کے لیے اوپر دیا گیا سامان جمع کرلیں۔

(iii) ایک سخت گتے پر نمونے کو ٹریس کرلیں اور بتائی گئی ہدایات کے مطابق کاٹ لیں۔ اب آپ کا خاکہ (سٹینسل) تیار ہے۔

(iv) اگر آپ تصویر کو بڑا کرنا چاہتے ہیں تو گراف کے کاغذ کا استعمال کریں اور ٹھیک پیائش لے کر تصویر کو بڑا کرلیں۔

(v) اب سوتی کپڑے یا جالی پر خاکے کی مدد سے نشان لگالیں۔

(vi) کاٹتے وقت کپڑے کا دو۔ سنٹی میٹر کا حاشیہ زیادہ رکھیں۔

(vii) اب کپڑے کے کٹے ہوئے ٹکڑوں کو ایک ایک کر کے بتائی ہوئی ترکیب سے جوڑیں جیسا ہدایت میں بتایا گیا ہے۔

(viii) ہدایات کے مطابق کھلونوں کو سجا لیجیے۔ سجانے کے لیے اس سامان کو استعمال کریں جو آپ کے پاس ہو۔ اپنی صلاحیت اور تخیل کو بروے کار لاتے ہوئے کھلونے کو جتنا سجا سکتے ہیں سجائیں تا کہ وہ زیادہ سے زیادہ خوب صورت لگے۔

(ix) اندر کی طرف بھرنے کے لیے کپڑے کی گیندیں بنا کر بیکار کپڑا، روئی، فوم یا فائبرو ول جس طرح کے سامان کی ضرورت ہو اور جو موجود ہو استعمال کریں۔

**1.6 مشاہدہ:**

طلبا کو یہ جاننا ضروری ہے کہ:

-- لیبوریٹری میں کتنی طرح کے کھلونے ہیں۔

-- کھلونے بنانے کا ضروری سامان کیا ہے۔

-- کھلونوں کی سلائی کس طرح ہوئی ہے۔

**سوالات**

-1 نرم اور ہلکے کھلونے کیا ہوتے ہیں؟

-2 نرم اور ہلکے کھلونے بنانے کے لیے کس طرح کے سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟

-3 آپ ایک کھلونا بناتے وقت کس طرح کی احتیاط کریں گے؟

## عملی سبق نمبر 2

# بنیادی جانکاری

وقت: 2 گھنٹے

### 2.1 تعلیمی مقاصد:

طالب علم اس قابل ہوسکیں کہ:

-- وہ ہلکے کھلونے بنانے میں کام آنے والے سامان کی شناخت کرسکیں، شکلیں، بناسکیں۔
-- شکلوں کو چھوٹا یا بڑا کرسکیں۔
-- اسٹینسل کاٹ سکیں اور اس کو کپڑے پر ٹھیک طرح اتار سکیں۔
-- ترپائی اور کام مکمل کرنے کے بنیادی طریقوں سے واقف ہوسکیں۔

### 2.2 متعلقہ معلومات:

**(i) خاکہ تیار کرنا:**

آپ کو میز کی طرح کی چپٹی سطح۔ پینسل، پیمانے، کاربن، کاغذ، گراف کاغذ، ایسا کاغذ جیسے پوشاک بنانے والے خاکہ بنانے کے کام میں لاتے ہیں اور کارڈ شیٹ جیسی چیزوں کی ضرورت ہے۔ پہلے کتابچے میں دئے گئے نمونے کو دیکھ کر نمونہ بنانے والے کاغذ پر خاکہ بنالیں۔ کیوں کہ خاکہ بنانے والا کاغذ شفاف ہوتا ہے یعنی اس کے آر پار دیکھا جاسکتا ہے اس لیے اس کاغذ کا کتابچے میں بنے خاکے پر رکھ لیں اور پینسل کی مدد سے خاکے کا نقش اتارلیں۔ پھر کاربن کاغذ کی مدد سے نمونے والے کاغذ پر بنے خاکے کو کارڈ شیٹ پر اتارلیں۔ کارڈ شیٹ کو ہوشیاری سے کاٹ لیں۔ اب خاکے کی شکل تیار ہے۔ اسی طرح اور تمام نمونوں کے ٹکڑوں کو کاٹ کر خاکوں کی شکلیں بنالیں۔ کپڑے پر کاٹنے سے پہلے خیال رکھیں کہ سارے ٹکڑے ایک دوسرے سے جُڑ جائیں۔ ہر خاکے کے اگلے اور پچھلے حصے کی شناخت کرلیں اور اسی طرح اور تفصیلات بھی لکھ دیں جیسے خاکے کا مرکزی، پچھلا یا اگلا حصہ وغیرہ۔

### 2.3 احتیاط:

-- اس بات کو دیکھ لیں کہ خاکے کا الٹا یا سیدھا حصہ تو مخصوص نہیں ہے۔
-- اگر آپ کپڑے کی ایک ہی تہہ کو کاٹ رہے ہیں تو یہ ضروری ہے کہ سب سے پہلے خاکے کو کپڑے پر اس طرح رکھیں کہ اس کی سیدھی طرف کا حصہ اوپر کی طرف ہو۔
-- کاٹنے کے بعد خاکے کو پلٹ کر دیکھیں اور اس کی الٹی شکل اوپر کی طرف رکھ کر پھر سے کاٹ لیں۔

### 2.4 ضروری سامان:

(i) ٹریسنگ پیپر
(ii) کارڈ شیٹ
(iii) پینسل
(iv) کپڑا
(v) قینچی
(vi) دھاگہ
(vii) سوئی
(viii) پنیں
(ix) خاکے
(x) گراف کاغذ
(xi) ریشے دار پولسٹر
(xii) روئی
(xiii) پھٹے پرانے کپڑے

### 2.5 طریقۂ کار:

**(A) خاکے کی ناپ میں تبدیلی:**

(i) اگر آپ نمونے کو چھوٹا یا بڑا کرنا چاہتے ہیں تو گراف کے کاغذ کا استعمال کریں اور اس پر خاکے کا چربہ اتارلیں۔
(ii) خاکہ بدل لیں اور نئی شکل بنائیں (2.1 اور 2.2)




Fig. 2.1 Small pattern




Fig. 2.2 Large Pattern

(B) کاٹنا:

(i) خاکے والی تختی سے کپڑے پر خاکہ اتاریے۔ (تصویر 2.3)

(ii) خاکے کی لائن کے ساتھ ساتھ سلائی کی لائن بنائیے۔ (تصویر 2.4)





Fig. 2.3 Drawing of pattern





Fig. 2.4 Mark stitching line

(iii) پھر ایک لائن بنائیں جس میں سیون کی جگہ ہو۔ عام طور پر یہ لائن سلائی کی لائن سے 1/2 انچ دور ہوتی ہے۔ تصویر 2.5






Fig. 2.5 Mark seam allowance

(iv) کپڑے کو سیون کی لائن کے ساتھ کاٹ لیں (تصویر 2.6)





(C) سیون:

(i) سیون ہاتھ کی بھی ہو سکتی ہے اور مشین کی بھی

(ii) ایک سیدھی سادی سلائی کی سیون کے لیے کپڑے کے ٹکڑے سیدھی طرز سے ایک دوسرے کے سامنے کر کے جوڑیں اگر اس کے سلسلے میں کوئی خاص ہدایت نہ دی ہو۔

(iii) کناروں پر پن لگا دیں اور ایسا ہر تھوڑی دور کے بعد بیچ بیچ میں کریں (تصویر 2.7)




(iv) کپڑے کو دبائے رکھیں کنارے سیدھی طرف ہوں پھر سلائی والی لائین پر سلائی کر دیں۔

(v) کاٹ چھانٹ کر سیون کو 1/2 انچ تک لے آئیں اور پریس کر کے سیون کو ٹھیک کر لیں۔

(vi) سیدھی طرف کپڑے کو پلٹ دیں اور سلائی لائین پر پریس کریں۔

(D) سیون کے ابھار خاص طرح ختم کرنا:

کپڑے کے کناروں کو صاف رکھنے کے لیے آخر میں صفائی کے انداز اپنائیں۔

سیون کو سپاٹ بنانا:

(i) سلائی کے بعد سیون کو سیدھا کر لیں (تصویر 2.8)

(ii) چھٹائی کر کے سیون کی ایک طرف کو آدھا کر دیں۔

(iii) چھٹائی کی ہوئی سیون کی جگہ کو دوسری پر رکھ کر دباؤ ڈالیں۔

(iv) کناروں کو موڑ لیں اور سلائی کر لیں۔





**Fig. 2.8 Flat Fell Seam**

(E) دباؤ والی سلائی

سیدھی سوئی میں دھاگے کا پھندہ بنانا (تصویر 2.9)





Fig. 2.9 Blanket (stitch) Seam

(F) بھرائی

عام طور پر جو سامان بھرائی کے لیے استعمال کیا جاتا ہے وہ پولسٹر کے ریشوں کا ہوتا ہے۔ یہ دُھل بھی جاتا ہے اور کھلونے کو زیادہ نرمی بھی دیتا ہے۔ لیکن روئی اور پھٹے پرانے کپڑے سے بھی بھرائی کی جاسکتی ہے۔

2.6 مشاہدہ

-- طالب علم کو غور کرنا چاہیے۔
-- کاغذ پر خاکہ بنانا۔
-- خاکہ تختی کے بنانے کا طریقہ۔
-- خاکے والی تختی کو کپڑے پر رکھنے کا طریقہ۔
-- کپڑے کی کٹائی۔
-- کپڑے کو سلائی کے ذریعے کس طرح جوڑا گیا اور اس کو کس طرح مکمل کیا گیا۔

سوالات

1- آپ کو خاکہ بنانے کے لیے کس کس سامان کی ضرورت ہوگی؟
2- خاکے کو کس طرح کپڑے پر اتارتے ہیں؟
3- کپڑے کی سلائی کرنے سے پہلے آپ کو کون سی احتیاطی تدابیر کرنی ہوں گی؟
4- سیون کی خصوصی صفائی کیا ہے؟

## عملی سبق نمبر 3

# فنگر ڈول (انگلی پر چلنے والی گڑیا)

وقت: 5 گھنٹے

### 3.1 تعلیمی مقاصد:

طلبا اس قابل ہو جائیں کہ:

-- فنگر ڈال بنا سکیں (انگلی سے چلنے والی گڑیا بنا سکیں)

-- اپنی پسندیدہ کہانی کے مطابق فنگر ڈال کو کپڑے پہنا سکیں۔

-- اپنے تخیل کی پرواز سے نئے کردار ڈھال سکیں۔

-- سستی قیمت کی گڑیاں بنا سکیں۔

### 3.2 متعلقہ معلومات:

فنگر ڈال سے چھوٹے بچے گھنٹوں کھیل سکتے ہیں۔ ان کے ذریعہ بچہ اپنی پسندیدہ کہانی کو ڈرامائی رنگ دے سکتا ہے۔ ان فنگر ڈال کا سینا بہت آسان ہے۔ کسی بھی کہانی کے کردار کے انداز میں ان گڑیوں بنایا سنوارا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر "ریڈ رائیڈنگ ہڈ اور بھیڑیا" (Redriding Hood and Wolf) یہ گڑیوں کا کسی بھی قسم کے تخیل میں جان ڈالنے کے لیے ایک بہت ہی کارآمد طریقہ ہے۔

### 3.3 احتیاط:

-- پوشاکوں کو بنیادی ڈھانچے پر اس احتیاط سے سی لیں کہ نیچے کا حصہ انگلیاں ڈالنے کے لیے کھلا رہے۔

-- آنکھوں، ہونٹوں وغیرہ پر ہاتھ سے کشیدہ کاری کر لیں یا دھیان سے رنگ کر دیں۔

-- سیال کا استعمال مزید احتیاط سے کریں کہ اس کی چمک بعد میں نظر نہ آئے۔

### 3.4 ضروری سامان:

(i) 7 انچ کا ٹرمنی اور سفید نمدے کا کپڑا یا کوئی بھی موٹا کپڑا ہر ایک گڑیا کے لیے۔

(ii) بھرائی کے لیے سامان۔

(iii) رنگوں سے میل کھاتے دھاگے۔

(iv) ڈیزائن دار اور سادا کپڑا گڑیوں کے لباس کے لیے۔

(v) آنکھیں بنانے کے لیے موتی۔

(vi) گلابی نمدا گالوں کے لیے۔

(vii) گلابی کشیدہ کاری کا دھاگا منہ کے لیے۔

(viii) قینچی، سوئی اور خاکہ بنانے والا کاغذ (Tracing Paper)

(ix) کلابتو کے ٹکڑے۔


(x) کپڑا چپکانے کا سیال

(xi) فیلٹ ٹپ مارکر (نشان بنانے والا قلم)

(xii) تانبے کے تار کا چھوٹا ٹکڑا۔

### 3.5 طریقۂ کار:

(A) بنیادی خاکہ بنانا:




تصویر 3.1 گڑیا کا بنیادی ڈھانچہ

(i) سفید نمدے کا چار مربع انچ کا ایک ٹکڑا لیں۔


(ii) اس پر بنیادی ڈھانچے کا خاکہ بنا لیں۔

(iii) دونوں ٹکڑوں کو جوڑ دیں اس طرح کہ نیچے کا حصہ کھلا رہے۔

(iv) کناروں کو ٹیڑھی ترچھی سلائی سے تیار کرلیں۔
(Fig. 3.1)

(v) بڑی احتیاط سے تھوڑی سی بھرتی سر اور ہاتھوں کی جگہ میں بھر دی جائے جس سے لگے کہ اس میں پیڈنگ ہے۔

(B) لڑکی کے لیے ایک پوشاک بنانا:





تصویر 3.2 لڑکی کے لیے پیش بند (Apron)

(i) ایک تین انچ لمبا اور چھ انچ چوڑا کپڑے کا ٹکڑا لیں جس سے لڑکی کا پیش بند تیار ہوسکے۔

(ii) لڑکی کے لیے پیش بند کا خاکہ بنالیں اور کپڑا کاٹ لیں (تصویر 3.2)

(iii) پیش بند کے دونوں ٹکڑوں کا سیدھا حصہ اندر کی طرف رکھیں۔





تصویر 3.3 پیش بند پہنانا

(iv) کناروں کے ساتھ ساتھ سلائی کریں اور شانے کے پاس کا حصہ چھوڑ دیں جو دونوں طرف سے کھلا ہوگا۔

(v) پیش بند کو گڑیا کے بنیادی ڈھانچے پر رکھیں۔ تصویر 3.3

(vi) کچی سلائی کے لیے ٹانکوں کو کمر کی لائن سے کھینچیں تاکہ چُنٹ کمر پر فٹ بیٹھ سکے۔

(C) لڑکی کے لیے دھڑ کے دوسرے حصے:




تصویر 3.4 بال

(i) لڑکی کے بال نمدے کے ٹکڑے یا اون کے دھاگوں سے بنائے جاسکتے ہیں۔

(ii) بنیادی ڈھانچے کے سر پر نمونے سے بنے تراشے ہوئے بال رکھیں۔ تصویر 3.4

(iii) سر کے بیچ سے سلائی کریں۔

(iv) نیلے موتی آنکھوں کی جگہ لگا دیں۔

(v) لال دھاگے سے ہونٹوں کی کشیدہ کاری کریں جس سے منہ بن جائے۔

(D) گڑیا تیار کرنا:

(i) بنیادی ڈھانچے پر جوڑنے سے پہلے فیتے کی سلائی پیش بند کے نچلے حصے پر کی جاسکتی ہے۔

(ii) سر کی ٹوپی فیتے سے تیار کی جاسکتی ہے۔

(iii) ہاتھوں کے دستانے اور جوتے چپکائے یا سیئے جاسکتے ہیں۔

## 3.6 مشاہدہ:

طالب علم اس بات کا مشاہدہ کریں کہ:

-- بنیادی ڈھانچے کے نمونے کی تصویر پہلے کاغذ پر بنائی جائے۔
-- خاکے کو بنانا۔
-- اُس کو کپڑے پر رکھنا۔
-- کپڑے کا کاٹنا۔
-- کپڑے کو جوڑنا
-- کرداروں کے لیے طرح طرح کے ملبوسات تیار کرنا۔

سوالات:

1- فنگر ڈال (انگلیوں والی گڑیا) اہمیت کی حامل کیوں ہیں؟
2- فنگر ڈال بنانے کے لیے کس طرح کے سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟
3- آپ ایک فنگر ڈال کے بال، آنکھیں اور ہونٹ کیسے بنائیں گے؟

**عملی سبق نمبر 4**

# سوت کی گڑیاں

وقت: 8 گھنٹے

**4.1** تعلیمی مقاصد:

طالب علم اس کے اہل ہو جائیں کہ:

-- نرم گڑیاں تیزی سے اور کم وقت میں بنالیں۔

-- بیکار سامان کو استعمال میں لائیں تا کہ تیاری کی قیمت کم تر ہو جائے۔

-- گڑیوں کی اصلی شکلیں اور جسامت تھوڑی تبدیلی کے ساتھ بنانے کی کوشش کریں۔

**4.2** ضروری معلومات:

سوتی ڈوروں سے گڑیاں بڑی آسانی اور تیزی سے بن جاتی ہیں۔ سوت کو لپیٹنے، کاٹ کر مختلف جگہوں پر باندھنے سے دھڑ کے مختلف حصے آسانی سے تیار کیے جاسکتے ہیں۔ سوت سے بنی گڑیوں کی پوشاک کپڑے کے ٹکڑوں اور لیس (Lace) کے ٹکڑوں وغیرہ سے بنائے جاسکتے ہیں۔

**4.3** احتیاط:

سوت کے ڈورے کی لمبائی اور ڈوروں کو لپیٹنے وقت بہت احتیاط سے کام لینا چاہیے ورنہ گڑیا ناموزوں دکھائی دے گی۔

**4.4** ضروری سامان:

(i) 50 گرام اُون جو کسی بھی رنگ کا ہو۔ اگر ہو سکے تو گلابی، پیلا، ہلکا نیلا یا ہلکا ہرا یا کھال کی رنگت کا ہو۔

(ii) دو اونس بھورے یا کالے رنگ کا کھر درا اون بالوں کے لیے

(iii) دو انچ محیط (Circumference) کی کھوکھلی ربر کی گیند سر بنانے کے لیے۔

(iv) لال کپڑے کی کترن ہونٹ بنانے کے لیے۔

(v) 1/2 انچ چوڑائی والا 10 انچ فیتا۔

(vi) بھورے اور کالے مارکر (Markers) جن سے آنکھیں بن سکیں۔

(vii) کپڑے کا 15 سینٹی میٹر x 40 سینٹی میٹر کا ٹکڑا پوشاک کے لیے۔

(viii) ایک میٹر فیتا (Lace)۔

(ix) 16 انچ لمبا ایک پتلے گتے کا ٹکڑا۔

**4.5** طریقۂ کار:


دھڑ بنانا:

پہلا قدم:

(i) ایک کتاب 14-16 سینٹی میٹر کی چوڑائی کی لیں۔

(ii) لگ بھگ 50 پھیرے سوت کے ڈورے کے کتاب پر لپیٹ لیں۔ (شکل 4.1)

(iii) بنائی ہوئی لڑیوں کو ایک طرف سے کاٹ لیں۔





تصویر 4.1 سوت کا ڈورا کتاب پر لپیٹیں۔

دوسرا قدم:

(i) اصلی رنگین ڈورے سے بنائی گئی لڑیں اچھی طرح باندھ لیں۔

(ii) 5 سینٹی میٹر لمبے ڈورے کے 20 ٹکڑے بالوں کے لیے لیں (کالا یا بھورا)

اور اصلی ڈورے کی لڑوں کے بیچ باندھ لیں (تصویر 4.2)




تصویر 4.2 لڑیوں کے سرے کو باندھنا


تیسرا قدم:

(i) اب ربر کی گیند کو لے کر اسی جگہ رکھیں جہاں کالے بالوں کی لڑیں اور اصلی لڑیں کس کر باندھی گئی ہیں (تصویر 4.3)

(ii) اصلی ڈوری کو گیند کے چاروں طرف اس طرح پھیلائیں کہ گیند چھپ جائے۔

(iii) اب گیند کے نچلے حصے میں اصلی ڈوری کی لڑیوں کو بھی باندھ دیں جس سے سر بن جائے گا۔

(iv) اگر گیند پر تھوڑا سا گوند بھی لگادیں تو لڑیں اس پر چپک جائیں گی۔





تصویر 4.3 ربر کی گیند کو ٹھیک جگہ رکھنا۔

چوتھا قدم:

(i) اصلی رنگ کی ڈوری کو 15 بار 16 سینٹی میٹر لمبے گتے کے ٹکڑے پر لپیٹ لیں جس سے ہاتھ بنائے جائیں گے۔

(ii) لڑیوں کو دونوں طرف سے کاٹ لیں۔


(iii) کارڈ ہٹادیں۔



تصویر 4.4 ڈوری کو لپیٹنا۔

پانچواں قدم:

(i) کلائیاں بنانے کے لیے اصلی رنگ کی ہی ڈوری سے 1.5 سینٹی میٹر دوری پر ڈوری کس کر باندھ لیں (تصویر 4.5)





تصویر 4.5 ہاتھوں کی لڑیں۔

چھٹا قدم:

(i) اصلی دھڑ کے ڈوروں کو دو حصوں میں بانٹ کر جہاں آپ نے سر کے نیچے کی گانٹھ لگائی ہے۔ وہاں ہاتھوں کے لیے بنائی لڑوں کو بالکل بیچ میں رکھیں۔ تصویر 4.6۔

(ii) پھر نیچے کی طرف سے اصلی رنگ کی لڑوں کو بھی باندھ دیں۔ اس طرح دھڑ بن جائے گا۔


(iii) اب سر۔ دھڑ اور بازو تیار ہیں۔



تصویر 4.6 سر۔ دھڑ اور بازو۔

ساتواں قدم:

(i) تصویر 4.7 کے مطابق لڑیوں کے دو برابر حصے کرلیں۔




تصویر 4.7 اون کی گڑیا کپڑے پہننے کے لیے تیار۔

(ii) نیچے سے 2 سینٹی میٹر کی دوری پر دونوں کناروں کو باندھ دیں۔

(iii) پیر تیار ہیں۔

(iv) اب بھورے اور کالے مارکر سے آنکھیں بنادیں۔

(v) لال کپڑے کی پٹی کو ہونٹوں کی جگہ چپکادیں۔

(vi) ناک کے لیے کالا نشان بنادیں۔

(vii) موتی بٹن شیشہ بھی آنکھیں، ناک اور ہونٹ بنانے کے لیے استعمال کیے جاسکتے ہیں۔


کپڑے تیار کرنا:

پہلا قدم:

(i) 12.5 cm X 9.5 cm کے دو کپڑے کے ٹکڑے لیجیے (تصویر 4.8)

(ii) اس کپڑے پر گڑیا کو سیدھی طرف سے لٹادیں۔

(iii) اب بازوں اور پیروں کی جگہ پر نشان لگالیں۔





تصویر 4.8 سوٹ بنانا

دوسرا قدم:

(i) جہاں پر گڑیا کے پیروں کے جوڑ کا نشان لگایا تھا۔ وہاں سے کپڑے کے نیچے تک نشان لگالیں (تصویر 4.9) یہ بیچ کی لائن ہے۔

(ii) اس لائن کے دونوں طرف سیون کی جگہ چھوڑیں۔

(iii) بیچ کی لائن پر تُرپائی کرکے دونوں کپڑوں کو جوڑیں۔





تصویر 4.9 ڈوری کی گڑیا کا لباس

تیسرا قدم:

(i) سیون کی لائن پر سلائی کریں۔

(ii) ترپائی والا دھاگا ہٹا دیں۔

(iii) بیچ کی لائن سے وہاں تک کاٹ دیں جہاں دونوں ٹانگوں کا جوڑ ہے اس سے دو ٹانگیں بن جائیں گی (تصویر 4.10)




تصویر 4.10 بیچ کی لائن کا کٹ


چوتھا قدم:

(i) نیچے کی طرف چھوٹا سا گھماؤ (Dart) بنا دیں اور ترپائی کر دیں۔

(ii) آگے کی طرف بھی یہی دہرائیں اور ترپائی کر دیں۔ (تصویر 4.11)

(iii) گڑیا کے دھڑ کے مطابق اس کے گھماؤ کی گہرائی کو ٹھیک کریں۔

(iv) اب بازوؤں کے نشان تک سلائی کر دیں اور پھر سوٹ کو سیدھا کریں۔




تصویر 4.11 گھماؤ بنانا (Making Dart)


پانچواں قدم:

(i) اب کپڑے کے (4.5 cm X 9 cm) کے دو اور ٹکڑے کاٹ لیں جن سے آستینیں بن سکیں (تصویر 4.12)

(ii) سیدھی طرف سے دونوں کو موڑ لیں۔

(iii) ایک طرف کا حصہ 45° زاویہ پر کاٹ لیں جس سے شانوں کی بناوٹ آ سکے۔

(iv) آستینوں کو سیون پر سی لیں۔




تصویر 4.12 آستینیں

چھٹا قدم:

(i) آستینوں کو سیدھی کر لیں۔

(ii) آستینوں کو گلے تک سی لیں تاکہ بے کار حصے نیچے کی طرف دب جائیں (تصویر 4.13)

(iii) اب کپڑے کے کنارے کہنی اور کلائی تک الٹی طرف موڑ لیں۔



تصویر 4.13 سوٹ سے آستینوں کا جوڑنا

ساتواں قدم

(i) اب گڑیا کو سوٹ پہنائیں

(ii) گلے کے پاس کپڑے پر چنٹ ڈالیں اور سی دیں۔

(iii) گلے کی لائن پر فیتا ڈالیں (تصویر 4.14)




تصویر 4.14 چہرا جوڑنا

(iv) اب آخری صفائی کے لیے جہاں ضرورت ہو وہاں فیتے اور موتیوں کے بچے ہوئے سامان سے گڑیا سجالیں۔



تصویر 4.15 تیار شدہ گڑیا


## سوت کے ڈور کی الگ الگ قسم کی گڑیاں

قدم 5 سے 7 تک سارے طریقہ کار پر غور کریں سوتی ڈوری کی گڑیا کا دھڑ بنتا ہے۔

(i) اب لڑیوں کو گونتھ کر بازو پاؤں بنائیں۔

(ii) اس کے لیے لڑیوں کو تین برابر حصوں میں بانٹنا ہوگا۔

(iii) پھر ایک پر دوسرا حصہ رکھ کر گونتھنے سے بازو اور پاؤں بن جائیں گے (تصویر 4.16)



تصویر 4.16 دھاگوں کی بنی گڑیا میں بدلاؤ۔

## 4.6 مشاہدہ

طالب عالم اس بات کا مشاہدہ کر لیں کہ:

-- سوت کی ڈور کو لڑیوں میں کاٹنا۔
-- ان لڑیوں کو الگ الگ دھڑ کے حصوں میں باندھنا۔
-- گڑیا کے لیے کپڑے تیار کرنا۔
-- سوت کی ڈوری سے طرح طرح کی گڑیاں تیار کرنا۔

سوالات:

-1 سوت کی ڈوری سے گڑیا بنانے کے لیے کس کس سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟
-2 آپ سوت کی ڈوری سے بنی گڑیا کو کیسے سجائیں گے؟
-3 آپ کس طرح سے سوت کی ڈوری سے بنی بہت سی قسم کی گڑیاں بنا سکتے ہیں؟

## عملی سبق نمبر 5

# مچھلی

وقت: 5 گھنٹے

**5.1 تعلیمی مقاصد:**

طالب علم اس بات کے اہل ہوسکیں کہ:


-- مچھلی کا کھلونا بنالیں۔

-- مختلف چیزوں سے اُسے آراستہ کرسکیں۔

-- اپنے اندر یقین پیدا کریں کہ وہ ایک اچھا مچھلی کا کھلونا بناسکتے ہیں۔

**5.2 متعلقہ معلومات:**

جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ اس طرح کے کھلونے دیکھنے میں بڑے پرکشش ہوتے ہیں۔ اسی لیے اب ہم جو کھلونا بنانا سیکھیں گے وہ مچھلی ہے۔ (تصویر 5.1)۔ یہ کھلونا بنانا بڑا آسان ہے کیوں کہ اس میں تھوڑا سا ہی سامان استعمال ہوتا ہے۔



تصویر 5.1 مچھلی

**5.3 احتیاط:**

-- شروع میں تو جالی دار یا دوسری طرح کا چھپا ہوا یا سادا سوتی کپڑا استعمال کرنا چاہیے۔ (کیوں کہ اس کو نرم کھلونے بنانے کے لیے استعمال کرنا آسان ہے) نہ کہ سِلک یا دوسرا اسی جیسا سامان استعمال کریں۔

-- جب بڑا کھلونا بنانا ہو تو گراف کاغذ کا استعمال کریں اور صحیح پیمانہ چُن لیں ورنہ کھلونے کی شکل بدل جائے گی۔

-- اندر بھرنے کے لیے روئی کو اچھی طرح توڑیں جب تک کہ وہ چپکیلی نہ ہو جائے کھلونے میں تھوڑی سی روئی بھریئے۔

**5.4 ضروری سامان:**

(i) 25 cm/10 inch کا ہرا یا نیلا نمدا۔

(ii) اسی کے رنگ کا دھاگا۔

(iii) سفید رنگ کا کڑھائی کا دھاگا۔

(iv) فوم یا روئی کا بے کار سامان، اُون وغیرہ۔ جو بھرائی کے کام آئے گا۔

(v) قینچی۔

(vi) گوند۔

(vii) درزی کا چاک۔

(viii) گراف کا کاغذ۔


**5.5 طریقۂ کار:**

(i) یہاں پر دیا گیا نمونہ لے لیجیے یا جس قد کا کھلونا چاہیے اتنا بڑھا لیجیے (تصویر 5.2)

(ii) خاکے کو ٹریسنگ پیپر پر ٹریس کرلیں پھر اس کاغذ پر بنا نمونہ کاٹ لیں۔

(iii) اب وہ کپڑا لیں جو آپ استعمال کرنا چاہتے ہیں۔ اور اسے الٹی طرف سے کاغذ پر رکھیں، پھر پن کردیں۔

(iv) خاکے کی باہری لائن پر نشان لگائیں۔




تصویر 5.2 مچھلی کا خاکہ۔

(v) کھینچی گئی لائن سے 2 cm کی دوری سے کپڑے کو اس طرح کاٹ لیں جس طرح تصویر میں دکھایا گیا ہے۔

(vi) جسم کے ہر ٹکڑے پر، آنکھیں اور دُم کے پروں پر کڑھائی سے موتی سلائی کر دیں۔


(vii) سفید کڑھائی کے دھاگے کا استعمال کریں۔ آنکھیں نمدے سے بھی بنائی جا سکتی ہیں۔

(viii) دھڑ کے حصے بلینکٹ اسٹیچ (Blankit Stitch) سے جوڑے جا سکتے ہیں مگر سلائی ایسے ہو کہ نیچے کا حصہ کھلا رہے۔

(ix) مچھلی کی نچلی سطح کو بلینکٹ اسٹیچ (Blankit Stitch) سے سیا جا سکتا ہے۔


یہ سلائی اس طرح ہو سکتی ہے کہ نقطہ A اور B کو ٹھیک طرح ملا دیا جائے اور بھراؤ کے لیے جگہ چھوڑ دیں (تصویر 5.3)

(x) اس خلا میں اچھی طرح بھرائی کر لیں اور پھر اس کو بھی بلینکٹ اسٹیچ (Blankit Stitch) سے سی دیں تا کہ مچھلی مکمل ہو جائے۔




تصویر 5.3 -- بنیاد

(xi) اب آپ کی مچھلی تیار ہے آپ اسے مختلف آرائشی سامان سے سجا سکتے ہیں۔



تصویر 5.4 -- مکمل مچھلی

## 5.6 مشاہدہ:

طالب علم اس بات کا مشاہدہ کریں کہ:

-- بنیادی ڈھانچے کا خاکہ کاغذ پر ہو۔

-- خاکے کو تیار کرنا۔

-- کپڑے کو رکھنے کا طریقہ اور کٹائی ٹھیک ہو۔

-- کھلونے کی کپڑے کو مختلف قسم کی سلائیوں سے جوڑنے کے بعد صفائی۔

## سوالات:

-1 ایک مچھلی بنانے کے لیے کس کس سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟

-2 آپ مچھلی کی سجاوٹ کیسے کریں گے؟

# عملی سبق نمبر 6

## بطخ

وقت: 6 گھنٹے


**6.1 تعلیمی مقاصد:**

طالب علم اس قابل ہو جائیں کہ:

-- انھیں معلوم ہو کہ بطخ کا کھلونا کیسے بنتا ہے۔

-- یہ بھی معلوم ہو کہ کیا کیا ضروری سامان بطخ بنانے کے لیے چاہیے۔

-- بطخ کو کس طرح سجاتا ہے۔



تصویر 6.1 بطخ

**6.2 متعلقہ معلومات:**

ایک اور آسان سا ملایم کھلونا ہے بطخ جو کہ اتنا پیارہ اور خوب صورت لگتا ہے جب آپ اپنے تخیل کا استعمال کر کے اسے بناتے اور سنوارتے ہیں۔

**6.3 احتیاط:**

-- کپڑے کو بالکل ایسی طرح کاٹیں جیسے ہدایت دی گئی ہے۔

-- گراف کاغذ کی مدد سے نمونے کو بڑا کیجیے۔

-- کھلونے کا بھرائی روئی یا کسی دوسری چیز سے ٹھیک ٹھاک طرح کریں ورنہ بطخ کا تناسب بگڑ جائے گا۔

**6.4 ضروری سامان:**

(i) 1/2 میٹر پیلا سوتی کپڑا یا تولیہ کا کپڑا جس سے بطخ کا جسم بن سکے۔

(ii) چوتھائی میٹر پیلا یا نارنگی رنگ کا موٹا کپڑا جس سے پر چونچ پیر اور دُم بنائی جا سکے۔

(iii) بھرائی کا سامان 500 گرام۔

(iv) رنگ سے میل کھاتا دھاگا۔

(v) گوند۔

(vi) قینچی۔

(vii) ٹریسنگ کا کاغذ۔


(viii) گراف کا کاغذ۔

(ix) پیمانہ اور پینسل۔

**6.5 طریقۂ کار:**

**(A) کاٹنا۔**

(i) نمونے کو ایک ٹریسنگ کے کاغذ پر اتار لیں پھر اس کاغذ پر بنے خاکے کو کاٹ لیں۔




تصویر 6.2 بطخ بنانے کا خاکہ۔

(ii) اپنی ضرورت کے حساب سے اس کی جسامت کو گراف کاغذ پر بنائیں۔

(iii) اس کے الٹی طرف خاکے کے ٹکڑوں کو کپڑے/فیبرک پر جو آپ نے چھانٹا ہے۔ پھیلا دیں (تصویر 6.2)

(iv) سب ٹکڑوں کو اسی لائن سے 2 cm کا حاشیہ چھوڑ کر کاٹ لیں جو لائن آپ نے بنائی ہے۔

(v) اب کاغذ کا نمونہ کپڑے سے پنیں ہٹا کر الگ کرلیں۔

**(B) دھڑ بنانا:**

(i) دھڑ کے ٹکڑے آمنے سامنے سیدھی طرف رکھیں۔

(ii) ان کو سی دیں اور نچلا حصہ کھلا چھوڑ دیں۔

(iii) اب سیدھی پرت کو باہر کی طرف کردیں۔

**(C) چونچ بنانا:**

(i) ایک ہلکا سا کٹاؤ نقطہ (A) پر بنائیں جو جسم کے کنارے پر ہوگا جیسا کہ تصویر میں ہے۔

(ii) چونچ کو آدھے ملان سے موڑ لیں اور نقطے (O) پر ملالیں۔

(iii) مڑے ہوئے کنارے کٹاؤ میں ڈالیں اور اندر سے سی دیں۔

**(D) دُم، پر اور پیر بنانا:**

(i) دُم کو بتائے ہوئے طریقے سے بنائیں۔

(ii) نقطے لگی لائین پر سے لمبائی میں دُم کا کٹا ہوا حصہ موڑ لیں۔

(iii) دونوں کناروں کو تھوڑا اوپر کا حصہ چھوڑ کر سی دیں تاکہ اس کے ذریعے بھراؤ کیا جاسکے۔ اب سیدھا حصہ باہر کرلیں اور اس میں روئی فوم بھریں جو بھرائی کا سامان ہے۔

(iv) اور بالکل جیسا اوپر بتایا ہے ویسے ہی پیر اور پر بنائیں۔

(v) اب دُم پیر اور پروں کے حصوں کو لیں اور دُم و پیر بطخ کے نچلے حصے سے سی دیں اور پر جسم کے الٹی و سیدھی طرف لگادیں۔

**(E) مکمل بطخ تیار کرنا:**

(i) اب آپ کی بطخ بھرائی کے لیے تیار ہے۔ اس کے جسم میں اچھی طرح سے بھرائی کریں جو کہ کپڑے/بیکار اُون/فوم سے ہو۔

(ii) بھرائی سختی سے کریں ورنہ گڑھے نظر آئیں گے۔

(iii) دھڑ کا نچلا حصہ دوسرے نچلے حصے سے جوڑ دیں اور بڑی سلائی کردیں۔

**(F) بطخ کی آخری صفائی:**


(i) کناروں سے تمام بیکار حصے موڑ دیں۔

(ii) آنکھیں نمدے سے یا کڑھائی سے بنائیں۔

(iii) اور ان آنکھوں کو گوند یا فیوی کول جیسی چیز سے بطخ کے چہرے پر چپکا دیں۔

(iv) اب بطخ کے گلے میں چیک دار سکارف بھی لپیٹا جا سکتا ہے۔

(v) کسی سجاوٹ کے سامان سے اپنی عقل استعمال کرکے اسے سجائیے۔



تصویر 6.3 تیار شدہ بطخ

**6.6 مشاہدہ:**

طالب علم کو مشاہدہ کرنا ہے۔

-- ٹریسنگ کے کاغذ پر خاکہ بنانا۔

-- اس خاکے کو کپڑے پر رکھنا اور کپڑے کی کٹائی۔

-- سلائی اور بلج کے مختلف جوڑوں کا بنانا۔

**سوالات:**

1- جسم کے حصے میں بھراؤ کے لیے کچھ اور سامان کا نام بتائیں؟

2- آپ بلج کو اور زیادہ اچھا کیسے بنا سکتے ہیں؟

## عملی سبق نمبر 7

# خرگوش

وقت 6: گھنٹے

7.1 تعلیمی مقاصد:

طالب علم کو اتنا اہل ہو جانا چاہیے کہ:

-- خرگوش کھلونا بنا سکیں۔

-- انھیں معلوم ہو کہ خرگوش بنانے میں کس سامان کی ضرورت ہوگی۔

--- خرگوش کو کیسے سجائیں گے۔

7.2 متعلقہ معلومات:

ایک اور کھلونا بنانے کی مشق، خرگوش بنانا۔ ہر کوئی چاہتا ہے/ ہمارا پالتو جانور ہو خرگوش۔ یہ کھلونا آسانی سے چند چیزوں کی مدد سے اور چند مرحلوں میں بن سکتا ہے۔



تصویر 7.1 خرگوش۔

7.3 احتیاط:

-- خاکے کو بڑی احتیاط اور ہدایات کے مطابق ٹریس کر لیں۔

-- کپڑا کاٹنے میں سلائی اور ٹانکے لگانے کے لیے حاشیہ چھوڑیں۔

-- کام شروع کرنے سے پہلے سب سامان اکٹھا کر لیں۔

-- ایک ساتھ سارے ٹکڑے کاٹ لیں۔

-- الٹے سے سیدھا کرتے وقت اور کھلونے کی بھرائی کے وقت خاص خیال رکھیں۔

7.4 ضروری سامان:

(i) آدھا میٹر کپڑا آپ کی اپنی پسند کا۔ وہ چاہے سوتی سادا کپڑا ہو چاہے جالی دار کپڑا یا فر۔

(ii) بھورا۔ سرمئی یا ہلکا نیلا کپڑا۔

(iii) رنگ سے میل کھاتا دھاگا۔

(iv) پیمانہ۔ پینسل۔ ربر۔

(v) ٹریسنگ کاغذ۔

(vi) گراف کاغذ۔

(vii) گوند/ چپکانے والا مادہ۔

(viii) کپڑے کی گیند۔ فوم۔

(ix) کالے رنگ کا کڑھائی کا دھاگا آنکھیں اور منہ بنانے کے لیے

7.5 طریقۂ کار:


(A) کاٹنا:

(i) نمونے کو ٹریسنگ کے کاغذ پر اتار لیں اور اسے کاٹ لیں۔

(ii) سب نقطے و نشان خاکے پر اتار لیں۔

(iii) کپڑے کے الٹی طرف خاکے کے سارے ٹکڑے بچھا دیں۔

(iv) دو اندر کے اور دو باہر کے بازو کاٹ لیں، دو اندر کے لیے اور دو باہر کے لیے ٹانگیں کاٹ لیں، اور دو کان کے لیے بھی۔




تصویر 7.2 خاکے کے ٹکڑے۔

(v) دوسر، دو دھڑ، ایک سر کے لیے کلی دار کپڑا اصلی رنگ کے کپڑے پر کاٹ لیں۔

(vi) دونوں کان کسی دوسرے رنگ کے کپڑے سے کاٹیں۔



تصویر 7.3 مکمل خرگوش۔

**(B) دھڑ کا بنانا:**

(i) پہلے ایک کلی کاٹ لیں۔

(ii) کلی ایک تکونہ یا انڈے کی شکل کا ٹکڑا ہوتا ہے جو بھرے ہوئے کھلونے کو مضبوطی دیتا ہے۔ خرگوش بنانے کے لیے کپڑے کی کلی بنائیں تا کہ کھلونے کو ٹھیک شکل مل سکے۔

(iii) سر کی کلی کو سر کے ٹکڑوں کے بیچ سے نقطہ (A) سے (B) تک سی لیں۔

(iv) اب سر کے ٹکڑوں کو ملا کر (B) سے (D) اور (A) اور (C) تک سی لیں۔

(v) اب دھڑ کے ٹکڑوں کو ملا کر سی لیں۔

(vi) سر اور دھڑ کے ٹکڑوں کو ملانے والے نقطوں پر ملا کر جوڑ لیں۔

**(C) بازو بنانا:**

(i) ہر بازو کو بنانے کے لیے بازوؤں کے دو ٹکڑوں کو سی لیں اور بیچ میں جگہ چھوڑ دیں تا کہ بھرائی ہو سکے۔

(ii) اب سیدھا حصہ باہر کر لیں۔

(iii) بڑی تختی سے پولیسٹر یا سوتی کپڑے سے بھرائی کر لیں۔

(iv) پھر ٹانکے لگا کر خالی جگہ کو سی دیں۔

**(D) ٹانگیں بنانا:**

(i) ہر ٹانگ کے لیے دو ٹانگوں کے ٹکڑے آپس میں سی لیں اور خالی جگہ بھرائی کے لیے چھوڑ دیں۔

(ii) تلوے ٹانگوں سے جوڑ دیں۔

(iii) اب پھر سیدھا حصہ باہر کر لیں۔

(iv) تختی سے بھرائی کر لیں۔

**(E) کان بنانا:**

(i) ہر کان کے لیے کپڑے کے دو ٹکڑے چاہیے۔

(ii) کان کے اندر کا حصہ مختلف رنگ کے کپڑے سے بنا سکتے ہیں۔

(iii) ٹکڑوں کو اس طرح رکھیں کی سیدھی طرف کا حصہ آمنے سامنے رہے۔


(iv) دونوں سائیڈوں کو سی دیں اور نیچے کا حصہ کھلا چھوڑ دیں۔

(v) پھر سیدھی سائیڈ کو پلٹ دیں۔

(vi) کان کے اندر روئی بھر دیں۔

(vii) نچلا حصہ اندر کر کے اوپر سلائی یا کمبل کے ٹانکے لگا دیں۔

(viii) دوسرا کان بھی ایسے ہی سی دیں۔




تصویر 7.4 خرگوش کے کان بنانے کا طریقہ۔

**(F) دُم بنانا:**

خرگوش کی دُم پہلے یا دوسرے طریقے کو استعمال کر کے بنائی جا سکتی ہے۔

**طریقہ 1:**

-- دُم کے کٹے ہوئے حصے کو لمبائی میں موڑ لیں جہاں لائن ڈالی تھی۔

-- اوپر کی طرف جگہ چھوڑ کر باقی سی لیں۔
-- اب سیدھا حصہ باہر کرلیں۔

طریقہ 2:

-- اس طریقے میں اُون کو دُم کی لمبائی تک لپیٹ لیں۔
-- اُون کی لڑوں کے دونوں سروں کو باندھ لیں۔

(G) دھڑ مکمل کرنا:

(i) آپ کے خرگوش کے ٹکڑے تیار ہیں۔
(ii) جن جگہوں پر بتایا ہے وہاں سے بازو۔ ٹانگیں۔ اور کان۔ دھڑ سے جوڑ کرسی لیں۔
(iii) آنکھیں اور ناک پر کشیدہ کاری کی جاسکتی ہے۔
(iv) آنکھیں اور ناک کو سوتی کپڑے سے بھی بنایا جاسکتا ہے اور انھیں کسی بھی چپکانے والے مادّے چہرے پر چپکالیں۔
(v) دُم کا اوپری حصہ اور دھڑ سی لیں۔

7.6 مشاہدہ:

طالب علم کو مشاہدہ کرنا ہے:

-- خرگوش کے الگ الگ خاکے اور نقش۔
-- خرگوش کھلونا بنانے کے لیے مختلف ٹکڑے کاٹنا۔
-- مختلف انداز کے ٹانکے لگانا جس سے کھلونا جڑ جائے۔

سوالات:

1- خرگوش کھلونا بنانے کے لیے کس کس سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟
2- خرگوش بناتے وقت آپ کن باتوں کی احتیاط برتیں گے؟
3- خرگوش مکمل کرتے وقت آپ نکھار کیسے لائیں گے؟

## عملی سبق نمبر 8

# جوکر (مسخرہ)

وقت: 8 گھنٹے

### 8.1 تعلیمی مقاصد:

طالب علم اس بات کے اہل ہوں کہ:

-- وہ ایک جوکر کو بنانے کی صلاحیت پیدا کر سکیں۔

-- ان کو ایک جوکر بنانے میں جو سامان لگتا ہے وہ معلوم ہو۔

-- جوکر کا چہرہ اور اس کے کپڑے دیکھ کر ایک خوش گوار ماحول پیدا ہو سکے۔

### 5.2 متعلقہ معلومات:

جوکر بچوں میں بہت مقبول ہے۔ اس کا مسخرہ چہرہ اور کپڑے دیکھ کر وہ خوش ہوتے ہیں۔

اُس کی لمبی ٹوپی اور ڈھیلے ڈھالے کپڑے دیکھ کر بچے ہنستے ہیں۔ جوکر فر۔کیں منٹ یا سوت سے بنایا جاسکتا ہے۔

### 8.3 احتیاط:

-- گول کپڑے کے بیچوں بیچ ایک نقطہ لگائیں جس سے جوکر کا تناسب برقرار رہے۔

-- گول کپڑا بنانے سے پہلے رنگوں کا امتزاج کرلیں۔

### 8.4 ضروری سامان:

(i) 4 مربع سینٹی میٹر رنگین کپڑوں کے ٹکڑے جمع کرلیں۔

(ii) نارنگی رنگ کے چار بڑے موتی لیں۔

(iii) پچھتر چھوٹے موتی لیں جو دھاگے کے رنگ سے ملتے ہوں۔

(iv) بھرائی کا سامان۔

(v) سلائی کی بنیادی چیزیں۔

(vi) پانچ میٹر کا مضبوط سوتی دھاگا۔

### 8.5 طریقہ کار:


**ٹھیک دائرہ بنانا:**

پہلا قدم:

(i) کارڈ شیٹ پر ایک گولہ 7 cm (نصف قطر) کا بنائیں (تصویر 8.1) جس سے کہ گولا 14 cm (قطر) کا بن جائے۔

(ii) اس کو کاٹ کر خاکے کی تختی کی طرح استعمال کر کے کپڑا کاٹ لیں۔

(iii) اب کپڑے کے ہر ٹکڑے پر خاکے کی تختی سے نمونہ بنالیں۔





تصویر 8.1 کارڈ شیٹ پر خاکہ بنانا

دوسرا قدم:

(i) جو کپڑا گول کاٹا ہے اس کے مرکز پر نشان لگالیں۔

(ii) دھاگے کی مدد سے گولے کا (محیط) معلوم کریں (تصویر 8.2)




تصویر 8.2 کپڑے کا گولہ۔


**تیسرا قدم:**

(i) دھاگے کے کناروں کو پکڑ کر اس طرح کھینچو کہ 1 cm کا منہ کھلا رہ جائے۔

(ii) بہت کم بھرائی کریں تا کہ گولے کی پھول نما شکل لگ بھگ چپٹی رہے۔

(iii) اب دھاگا پوری طرح کھینچ لیں اور باندھ دیں۔

(iv) اس طرح کے 30 چکر بازوؤں کے لیے 40 چکر ٹانگوں کے لیے 12 چکر دھڑ اور کالر کے لیے بنالیں۔




تصویر 8.3 کپڑے کے چکر۔

**چوتھا قدم:**

(i) کپڑے کے ان چکروں کے لیے رنگوں کو چھانٹ لیں۔


(ii) مضبوط سوتی دھاگے کی 2 لڑوں کو ذرا بڑی اور موٹی سوئی میں ڈال کر تیار کرلیں۔

(iii) شروع میں بازو لے کر کپڑے کے گول کٹاؤ کو دھاگے سے جوڑنا شروع کریں رنگوں کا میل جیسا بھی رکھنا ہو اس کی ترتیب سے (تصویر 8.4)

(iv) ایک بازو کے لیے کپڑے کے 15 چکر لگائیں اور ہر چکر کے بیچ میں ایک موتی رکھیں۔

(v) 15 چکر کے بعد بڑا نارنگی رنگ کا موتی ہاتھ کے لیے لگائیں اور دھاگے کو پھر واپس ان چکروں اور چھوٹے موتیوں سے نکال کر شروع کی جگہ پر لے آئیں۔

(vi) دوسرے بازو کو بھی بالکل ایسے ہی بنانا ہے جیسے پہلا بنایا تھا۔




تصویر 8.4 کپڑے کے گول کٹ کو دھاگوں سے جوڑنا۔

**پانچواں قدم:**

(i) ٹانگیں بنانے کے لیے بھی وہی طریقہ اختیار کریں جو بازوؤں کو بناتے وقت کیا تھا۔

(ii) فرق صرف ٹانگوں کی لمبائی کا ہے۔

(iii) 18 کپڑے کے گول کٹ ہر ٹانگ کے لیے لپیٹنے ہیں۔

**چھٹا قدم:**

(i) دونوں ٹانگیں ایک ساتھ دھاگے سے باندھ کرسی دیں۔


(ii) دھڑ کے لیے 8 کپڑے کے گول کٹ دھاگے میں پروئیں۔ پہلا اور آخری کپڑا بغیر موتی کے پرونا ہے۔

**ساتواں قدم:**

(i) اب بازوؤں کے دھاگے دھڑ کے دھاگے سے جوڑ دیں اور تین کپڑے کے ٹکڑے بغیر موتیوں کے کالر کے لیے پرو دیں۔

**آٹھواں قدم:**

(i) سر کے لیے کپڑے کے ایک گول کٹ میں اچھی طرح اور سختی سے بھرائی کر لیں (تصویر 8.5)





تصویر 8.5 جوکر کا سر

**نواں قدم:**

(i) یا تو آنکھوں کے لیے موتیوں کو چپکائیں یا سی دیں۔

(ii) لال نمونے کا ٹکڑا منہ کی جگہ چپکا دیں۔

(iii) لمبے ٹانکوں سے یا کپڑے کے رنگوں سے بھویں بنائیں۔



تصویر 8.6 چہرے کی صفائی

**دسواں قدم:**

(i) اب سر کے اوپری بیچ والے حصے پر کالر کی چار سوت کی تیلیں سر میں سے کھینچ لیں (تصویر 8.7)




تصویر 8.7 ایک جوکر کا ڈھانچہ

(ii) ایک چھپے کپڑے کی پٹی سر کے چاروں طرف ڈال دیں۔ اور چاروں لڑیں اس میں پرو دیں۔ یہ جوکر کے بال بنا دے گا۔ ایک گانٹھ بنا دیں۔


**گیارہواں قدم:**

(i) بغیر بھرائی کے ایک کپڑے کا گول کاٹ لیں۔




تصویر 8.8a ایک ٹوپی

(iv) گولائی میں اس کو سر کے چاروں طرف سی دیں۔
(v) ٹانکوں کو چھپانے کے لیے فیتے کا ایک ٹکڑا سلائی پر چپکا دیں (تصویر 8.8)



تصویر 8.8b ایک ٹوپی

(ii) تکونے کی شکل میں موڑ کر اس کو سی دیں۔
(iii) بھرائی کر دیں۔

**8.6** مشاہدہ:

طلبہ کو مشاہدہ کرنا ہے:

-- خاکہ بنا کر کپڑے کو گولائی میں کاٹنا ہے۔
-- ٹانکے لگانا اور کپڑے کی گولائیوں میں بھرائی کرنا۔
-- کپڑے کے ان گول کٹے ٹکڑوں کو جوکر کے انداز میں پرونا ہے۔
-- آخری کام جوکر کی ٹوپی، آنکھیں، ناک اور منہ بنانا۔

سوالات:

1- آپ کپڑے کی گولائیوں کو بھرتے وقت کن باتوں کا خیال رکھیں گے؟
2- جوکر بنانے کے لیے کس کس سامان کی ضرورت ہوگی؟
3- آپ جوکر کو اور زیادہ مضحکہ خیز کیسے بنا سکتے ہیں؟

## عملی سبق نمبر 9

# ریچھ (ٹیڈی بیئر)

وقت: 8 گھنٹے

**9.1 تعلیمی مقاصد:**

طلبہ اس قابل ہوں کہ وہ:

-- ایک ٹیڈی بیر بنانے کی صلاحیت پیدا کرسکیں۔

-- جانتے ہوں کہ ایک ٹیڈی بیر بنانے میں کس سامان کی ضرورت ہوتی ہے۔

-- جانتے ہوں کہ کھلونے کو کیسے سجایا جاتا ہے۔

**9.2 متعلقہ معلومات:**

بڑوں و بچوں کے لیے ٹیڈی بیر بہت ہی محبوب کھلونا ہے۔ آپ سب نے ان کھلونوں کو دیکھا ہوگا۔ ان کھلونوں کو یا تو جالی دار کپڑے یا فر کی مدد سے بنایا جاسکتا ہے۔ ایک ہاتھ کا بنا خوب صورت ٹیڈی بیر خریدنے پر کافی مہنگا پڑتا ہے بنانا آسان بھی ہے اور زیادہ مہنگا بھی نہیں۔



تصویر 9.1a ٹیڈی بیئر

**9.3 احتیاط:**

-- کھلونے کو لفظ بہ لفظ ہدایات کے مطابق بنائیں۔

-- جب سر کا کلی دار ٹکڑا اندر ڈال رہے ہوں تو صرف سیون کی لائین کے آخر تک ہی سی لیں۔

-- دھاگے کے کونوں کو مضبوط کرلیں۔

**9.4 ضروری سامان:**

(i) بھورے رنگ کے فر کا کپڑا جو 80 مربع سینٹی میٹر یا 32 مربع انچ ہو۔

(ii) ہلکے بادامی رنگ کے فر کا کپڑا جو 34 مربع سینٹی میٹر یا 12 مربع انچ ہو۔

(iii) جوڑوں پر لگانے کے لیے سابھر کا 20 مربع سینٹی میٹر یا 8 مربع انچ کا چمڑا جو زیادہ بھورے رنگ کا ہو۔

(iv) 500 گرام پولیسٹر کا بھراؤ۔

(v) ٹانگوں کے چار جوڑ۔

(vi) دو آنکھیں۔

(vii) کڑھائی کا کالا موٹا دھاگا۔

(viii) ٹائی کے لیے ربن۔

(ix) گراف کاغذ۔

(x) قینچی۔

(xi) گوند۔

(xii) درزی کا چاک۔


(xiii) پیمانہ اور پنسل۔

**9.5 طریقۂ کار:**

(a) کاٹنا۔

(i) خاکے کو ٹریسنگ کے کاغذ پر اُتار لیں پھر اس نمونے کے کاغذ کو کاٹ لیں۔

(ii) نمونے کے حساب سے تمام نقاط اور نشانات کو اتار لیں۔


ear position
Eye position
Head cut 2
Body cut 2
Arm joint Position
Leg joint Position
Paw cut 2
Inner arm cut 2
Tummy cut 1
Head gusset cut 1
nose position
Inner leg cut 2
Ear cut 4
Outer leg cut 2
Sole cut 2
Outer arm cut 2


تصویر 9.1b

(iii) اب اس نمونے کے سارے ٹکڑے فر کے کپڑے پر الٹی طرف رکھ دیں جیسا تصویر 9.1b میں دکھایا ہے۔ جہاں ضرورت ہو وہاں ٹکڑوں کو پلٹ لیں اور فر کا جھکاؤ والا حصہ اس سمت میں ہو جس میں نشان کے ذریعے خاکے میں دکھایا ہے۔ دو اندرونی اور دو باہری بازو کاٹ لیں۔ دو اندرونی اور دو باہری ٹانگیں، دو کان، دو ہاتھ، دو دھڑ اور ایک سر کا بھی کلی دار ٹکڑا بھورے رنگ کے فر کے کپڑے سے کاٹ لیں۔

(iv) دو کان کے اور ایک توند کا ٹکڑا بادامی رنگ کے فر کے کپڑے میں سے کاٹ لیں۔

(v) دو پنجے اور دو تلوے سابر کے چمڑے میں سے یا زیادہ بادامی رنگ کے فر کے کپڑے میں سے کاٹ لیں۔

(vi) آنکھیں اور جوڑوں کے نشان درزی کے چاک سے ان تمام ٹکڑوں پر بنالیں جو ضروری ہیں اور ساتھ میں A مقام پر بھی۔




تصویر 9.2 تلوؤں کو بھرنے کا مقام

**(B) دھڑ تیار کرنا:**

(i) دھڑ کے ٹکڑے کے پوشیدہ مقام پر سلائی کریں جو توند کے دونوں ٹکڑوں کے دونوں طرف اور سیدھی سطح پر ساتھ ساتھ ہو اور کٹاؤ نما سیون کی جگہ دھڑ کے ٹکڑوں پر ہو۔

(ii) دھڑ کی سلائی کی جگہ پر پن لگائیں، ترپائی کریں اور سی لیں جو A مقام سے چُنٹ کے آخر تک توند پر B مقام تک ہو۔

(iii) مزکورہ بالا جگہ میں کچھ جگہ چھوڑیں جس سے بھرائی کی جاسکے (تصویر 9.2)۔

**(C) بازو اور ٹانگیں بنانا:**

(i) اب بازو اور ٹانگیں بنانے کے لیے اندرونی بازو کو سیدھی طرف رکھیں۔

(ii) سیدھے کناروں سے دونوں کو سلائی سے جوڑ دیں۔

(iii) انگلیوں سے دبا کر کھول لیں۔

(iv) اب ان چنٹوں کو بازوؤں کے اوپر کے باہری حصہ میں سی دیں۔

(v) اندرونی بازو اور باہری بازو کو سیدھی طرف رکھیں اور سب طرف سے سی دیں۔

(vi) "6 cm/ 2½ کی جگہ چنٹ کے قریب چھوڑیں جو بھرائی کے کام آئے گا۔

(vii) ان چنٹوں کو باہری ٹانگوں کے اوپر کی طرف سی دیں۔


(viii) سیدھی طرف کر کے اندرونی اور باہری ٹانگوں کو رکھیں اور سامنے و پیچھے کی طرف کی سیون کی جگہ پر سی دیں۔

(ix) ایڑیوں میں بھی اُسی طرح کی جگہ چھوڑیں جس سے بھرائی ہو سکے۔

**(D) تلوے لگانا:**

(i) ہر ٹانگ کے نچلے حصے میں سیون کی جگہ جوڑیں (تصویر 9.3) تلوے کے ٹکڑے کو اندر گھمائیں اور ٹانک دیں۔ یہ ٹانکے ٹانگ کے نچلے حصے میں ٹانگ کو اندر سے باہر کی طرف لانے کو لگائیں اور ٹانگ سامنے سے سیدھی طرف ہو۔

(ii) تلوے کو ٹانگ سے مشین کے ذریعے سی دیں اور پھر سیدھی طرف کو باہر نکالیں۔




تصویر 9.3 ٹیڈی بیئر بناتے ہوئے۔

**(E)** سر کا بنانا:


(i) سر کے ہر ٹکڑے میں دو چُنٹیں سی دیں۔ تصویر 9.4

(ii) سر کے چاروں طرف کلی دار کٹاؤ میں سیون کی جگہ کو چھوڑیں خاص طور سے اس جگہ جہاں ناک کا گھماؤ شروع ہوتا ہے۔

(iii) سر کے کلی دار کٹاؤ میں سر کا حصہ ٹانکیں جس کی سیدھی سطح آمنے سامنے ہو جو ناک کے پاس ملیں اور پھر سی دیں۔

(iv) سامنے کا بیچ کا حصہ سیون سے ساتھ ساتھ جوڑ لیں جو ناک کے نیچے ہو اور کپڑے کی سیدھی طرف۔

(v) سر اور دھڑ دونوں کے سامنے کے بیچ کے حصوں کو ملاتے ہوئے سی دیں۔




تصویر 9.4 سر کا بنانا۔


**(F)** آنکھیں جوڑنا:

(i) اب آنکھوں کے لیے کپڑے کے الٹی طرف سے کپڑے کا ایک تار ٹھیک اس جگہ سے کھینچ لیں جہاں آنکھیں لگانی ہیں۔

(ii) آنکھ کا نچلا حصہ لسوراخ میں سیدھی طرف سے گھما کر واشر کو مضبوطی سے الٹی طرف سے پکڑ لیں اور دبا کر لگا دیں۔

**(G)** کانوں کا بنانا:

(i) سیدھی طرف سے ایک بھورے رنگ کا اور ایک کریم رنگ کا کان رکھیں۔




تصویر 9.5 کانوں کا بنانا۔

(ii) باہری کناروں کو چاروں طرف سے سی دیں۔

(iii) موڑوں کو آپس میں چسپاں کر دیں سیون کی جگہ کو کناروں سے کاٹ لیں۔ پھر کپڑے کا سیدھا حصہ باہر کی طرف کر دیں۔

**(H)** ٹیڈی بیر کو مکمل کرنا:

(i) اب آپ کا ٹیڈی بیر بھرائی کے لیے تیار ہے۔

(ii) پہلے بازوؤں اور ٹانگوں کی بھرائی ہوگی۔ اور یہ بھرائی جوڑوں تک کی جائے گی۔


(iii) بھرائی ایک بار میں تھوڑی تھوڑی ہوگی۔

(iv) کافی سختی سے اسے بند کریں تا کہ کہیں پر کوئی اوبڑ کھابڑ جگہ نہ رہ جائے۔

**(I)** ٹیڈی بیئر پر اختتامی صفائی:

(i) کان کے سارے بیکار حصے اندر کی طرف کر دیں۔

(ii) کان کے کریم رنگ والے کپڑے کے پاس ٹانکہ لگائیں تا کہ کان کی شکل نکل آئے۔ پھر اس کے کناروں کی سلائی کر دیں۔ اب ٹیڈی بیر تیار ہے۔ (تصویر 9.6)



تصویر 9.6 ٹیڈی بیئر

مشاہدہ:

طلبہ کو مشاہدہ کرنا ہے کہ:

-- نمونے کے ٹکڑوں کو کاغذ پر اور کپڑے پر کیسے رکھنا ہے۔

-- فر کا کپڑا کیسے کٹا۔

-- سلائی اور ٹیڈی بیر کے مختلف عضو کس طرح بنائے گئے۔

سوالات:

1- ٹیڈی بیر بنانے کے لیے کس کس سامان کی ضرورت ہوتی ہے؟

2- آپ کس طرح ایک ٹیڈی بیر بنائیں گے؟

# کام میں شریک حضرات کی فہرست


مندرجہ ذیل ماہرین نے پی ایس ایس سی آئی وی ای کے زیرِ اہتمام ورک شاپ میں حصہ لیا۔


(i) ڈاکٹر پربھا ورما
اسسٹنٹ پروفیسر (ہوم مینجمنٹ)
موتن کالج، شواجی نگر، بھوپال۔

(ii) محترمہ چندر کانتا دوبے
نورنگ مہیلا کلا کیندر
55 نہرو نگر، بھوپال

(iii) جناب آشیش کمار سری واستوا
محکمہ جاتی کارکن
مدھیہ پردیش انٹر پرائز شپ ترقیاتی مرکز
60 جیل روڈ، جہاں گیر آباد، بھوپال۔

(iv) ڈاکٹر للنی شری واستوا
لیکچرار ہوم سائنس
پی ایس ایس سی آئی وی ای
131 زون II ایم پی نگر، بھوپال۔







कौमी काउन्सिल बराए फ़रोग़-ए-उर्दू ज़बान

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

**National Council for Promotion of Urdu Language**

Ministry of HRD, Dept. of Secondary & Higher Education, Govt. of India

West Block-1, R.K. Puram, New Delhi-110 066